یوسف ویونگ ملز لمیٹڈ

7/1،E-3، مین بلیوارڈ، گلبرگ III، لاہور

سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ یوسف ویونگ ملز لمیٹڈ کے ارکان کا 34واں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بواقع 7/1، E-3 مین بلیوارڈ، گلبرگ III، لاہور میں بروز جمعرات 28 اکتوبر 2021ء کو صبح 10:00 بجے درج ذیل امور کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

1- 25 نومبر 2020ء کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2- 30 جون 2021ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے نظرثانی شدہ حسابات معہ ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی اور منظوری دینا۔

3- 30 جون 2022ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز اسلم ملک اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی دوبارہ تقرری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔

4- صاحب صدر کی اجازت سے کوئی دیگر امور جو آگے لائے جاسکتے ہیں۔

لاہور: 07 اکتوبر 2021ء

ندیم انور

کمپنی سیکرٹری

نوٹس:

1- کمپنی کے عام حصص کی منتقلی کتابیں 21 اکتوبر 2021ء تا 28 اکتوبر 2021ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ کار آمد منتقلیاں ہمارے شیئر رجسٹرار، کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو 19 اکتوبر 2021ء کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی بروقت تصور ہونگی۔ پتہ یا اس میں کوئی تبدیلی ہو، بمعہ کار آمد CNIC کی کاپی کمپنی کے سالانہ ریٹرن فائلنگ کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون نمبر: 042-35839182 کو ارسال کی جانی چاہئیں۔

2- اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل رکن کسی دیگر رکن کو بطور پراکسی مقرر کرنے کا اہل ہے۔ پراکسیاں، تا آنکہ مؤثر ہو سکیں، کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس کے وقت سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل لازماً وصول ہو جانی چاہئیں۔ سی ڈی سی کے ذریعے ارکان کو پراکسیز تقرری کیلئے پراکسی فارم کے ہمراہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی مصدقہ کاپی منسلک کرنی چاہئے۔

3- سی ڈی سی کے ذریعے حصص داران، جو سالانہ عام، میں شرکت کے خواہشمند ہوں، سے التماس ہے کہ اصل CNIC ہمراہ لائیں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو مزید برآں، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے طرف سے جاری شدہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں دی گئی درج ذیل ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔

4- کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ کی تصدیق شدہ کاپی معہ نمونہ دستخط کمپنی کے پراکسی فارم کے ہمراہ (اگر پہلے مہیا نہیں کی گئی) جمع کرانا ہوگی۔

5- 30 جون 2021ء کو ختم ہونیوالے سال کیلئے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ www.yousafweavingmills.com پر سالانہ اجلاس عام کے انعقاد کی تاریخ سے 21 یوم قبل اپ لوڈ کر دیئے جائیں گے۔

6- SECP نوٹیفکیشن SRO 787 (1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کی پیروی میں ارکان کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب معیاری درخواست فارم جمع کرا کے بذریعہ ای میل نظرثانی شدہ مالیاتی گوشوارے اور نوٹسز وصول کرنے کیلئے کمپنی کو مطلع کر سکتے ہیں۔

7- اگر کمپنی شہر میں سکونتی کم از کم 10% شیئر ہولڈنگ کے مالک ارکان سے اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 07 یوم قبل وصول کرتی ہے، تو کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے اس شہر میں وڈیو لنک کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔

8- ارکان سے التماس ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں کسی تبدیلی بارے کمپنی کو فی الفور مطلع فرمائیں۔

9- ممبران سے گذارش ہے کہ برائے مہربانی حکومت پاکستان کے جاری کردہ COVID-19 کے حفاظتی اقدامات پر عمل کریں۔